09 اکتوبر 2018ء

## انٹر بینک مارکیٹ میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں کمی

آج انٹر بینک مارکیٹ میں دن کے اختتام تک امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی شرحِ مبادلہ 133.64 روپے رہی جبکہ گذشتہ روز امریکی ڈالر کے مقابلے میں روپے کی شرح مبادلہ 124.27 روپے تھی۔ یہ تبدیلی بڑی حد تک کرنٹ اکاؤنٹ کی صورت حال اور زر مبادلہ کی مارکیٹ میں طلب ورسد کے فرق کو ظاہر کرتی ہے۔

اگرچہ کرنٹ اکاؤنٹ کا خسارہ اگست 2018ء میں کم ہو گیا تھا، تاہم تیل کی بڑھتی ہوئی عالمی قیمتوں کی وجہ سے تیل کے درآمدی بل (bill) میں مسلسل اضافے نے زر مبادلہ کی مارکیٹ کو دباؤ میں رکھا ہوا ہے۔

بینک دولت پاکستان کی رائے میں شرحِ مبادلہ میں ردوبدل کے ساتھ ساتھ پالیسی ریٹ میں حالیہ اضافوں کے مؤخر اثرات اور درآمدات کو کم کرنے کے لیے دیگر انتظامی اقدامات سے بیرونی کھاتے (external account) میں عدم توازن کو دور کرنے میں مدد ملے گی۔

اسٹیٹ بینک صورت حال کی مسلسل کڑی نگرانی کرتا رہے گا اور زر مبادلہ کی منڈی میں کسی بھی ناخوشگوار اتار چڑھاؤ کی صورت میں مداخلت کے لیے تیار ہے۔

*******